© rasailojaraid.com



ترحیم ادارہ

# مسافرینِ آخرت

## حضرت حافظ سید عطاء الرحمن بخاری:

حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کے سوتیلے بھائی حضرت حافظ سید عطاء الرحمن بخاری ۹ محرم مطابق ۲۰ جون بروز پیر گجرات میں رحلت فرماگئے۔ ان کی عمر ۹۳ برس تھی۔ حضرت حافظ صاحب رحمہ اللہ خاندانِ امیر شریعت کے بزرگوں میں آخری فرد تھے۔ وہ انتہائی صالح، متقی اور حافظ قرآن تھے۔

حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ قبولِ عام اور عالمگیر شہرت سے نوازا تھا اور ان کی خطابت کا شہرہ چار دانگ عالم میں ہوا۔ مگر یہ عجیب اتفاق ہے کہ حافظ صاحب مرحوم اس کے برعکس خاموش طبع اور تنہائی پسند تھے۔ لیکن اپنے دینی معمولات میں انتہائی مضبوط تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ درجات بلند فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے (آمین)۔

## غلام نبی میر ناسک:

مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن محترم غلام نبی میر ناسک ۲۲ ذوالحج، ۳ جون بروز جمعہ المبارک سرگودھا میں انتقال فرماگئے۔ احرار حلقوں میں وہ میر ناسک کے نام سے پہچانے جاتے۔ وہ ایک اعلیٰ درجے کے انسان، سچے مسلمان اور مہر و وفا کا نشان تھے۔ تمام عمر مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے حوادث زمانہ اور سیاسی جھکڑ ان کی دینی استقامت اور احرار سے وابستگی کو ختم نہ کرسکے۔ کہنہ مشق شاعر بھی تھے اردو اور فارسی میں شعر کہنے پر قادر تھے۔ زیادہ تر نظم ہی میں اظہار خیال کرتے اور ناسک تخلص کرتے۔ ایک طویل عرصہ راولپنڈی میں مقیم رہے اور مزدوری کرتے رہے۔ گزشتہ چند ماہ سے سرگودھا میں اپنے بیٹے محترم محمد اسمٰعیل طارق صاحب کے ہاں قیام پزیر تھے اور وہیں رحلت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔ لواحقین کو صبر سے نوازے (آمین)

## حکیم ارشاد الحق صاحب کو صدمہ:

ہمارے نہایت ہی کرم فرما اور مہربان دوست محترم حکیم ارشاد الحق غوری صاحب کے بھائی حکیم اکرام الحق صاحب ۹ محرم کو ملتان میں انتقال فرماگئے۔

مجلس احرارِ اسلام ملتان کے کارکن محترم مولوی عطاء اللہ صاحب کی اہلیہ محترمہ گزشتہ ماہ رحلت فرماگئیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## محترم ڈاکٹر محسن رضا خان صاحب کو صدمہ:

ادارہ نقیبِ ختم نبوت کے معاون اور ہمارے مخلص و مہربان محترم ڈاکٹر محسن رضا خان صاحب کے والدِ ماجد ڈاکٹر اصغر علی صاحب ۴ جون کو لاہور میں انتقال فرما گئے۔

## صوفی غلام رسول نیازی صاحب کی اہلیہ محترمہ کا سانحہ ارتحال:

مجلس احرارِ اسلام فیصل آباد کے سرپرست اور رکن شوریٰ محترم صوفی غلام رسول نیازی صاحب کی اہلیہ محترمہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔ گزشتہ شمارہ کے تعزیتی شذرہ میں غلط فہمی کی بناء پر یہ خبر صوفی صاحب کی اہلیہ کی بجائے ہمشیرہ محترمہ کی طرف منسوب ہو گئی۔ جبکہ وہ بفضل خدا حیات ہیں۔ اراکینِ ادارہ اس سہو پر صوفی صاحب اور ان کے اہل خانہ سے معذرت خواہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ صوفی صاحب کی اہلیہ مرحومہ کی مغفرت فرمائے حسنات قبول فرمائے۔ اور سیئات معاف فرمائے۔ تمام پسماندگان اور خاندان کے افراد کو صبر عطا فرمائے۔ سب بہن بھائیوں کو سلامت رکھے اور اپنے حفظ و امان میں رکھے (آمین)

ہمارے انتہائی مہربان و کرم فرما حافظ محمد فاروق صاحب (ہلال انجینئرنگ لاہور) یکم جولائی بروز جمعہ لاہور میں انتقال کر گئے۔ وہ مولانا محمد اکرم مرحوم کے فرزند تھے۔

لاہور سے ہمارے کرم فرما اور بیکے از باقیات احرار حضرت صومعی کاشمیری کی اہلیہ محترمہ ۱۲ جون کو انتقال فرما گئیں۔

ملتان سے ہمارے دیرینہ مہربان و شفیق بزرگ محترم حافظ عبدالحلیم صاحب (امام مسجد بیری والی) رحلت فرما گئے۔

مجلس احرارِ اسلام ملتان کے قدیم کارکن اور مدرسہ معمورہ تغلق روڈ کے سابق مدرس حافظ محمد بلال مرحوم کے والد حافظ رحیم بخش صاحب ۳۰ جون کو انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## دعاء صحت:

ماہنامہ نقیبِ ختم نبوت کے سرپرست اور مستقل قلمی معاون حضرت مولانا عبدالحق مدظلہ گزشتہ ماہ فالج کے عارضہ کا شکار ہو گئے۔ ان کی صحت نسبتاً اب بہتر ہے۔ قارئین سے ان کی مکمل صحت یابی کے لئے درخواستِ دعا ہے۔

جلال پور پیروالہ سے ہمارے کرم فرما محترم عبدالرحمن جامی علیل ہیں۔ ان کی صحت یابی

© rasailojaraid.com